# واقفیتِ عامہ جماعت اوّل

یکساں قومی نصاب 2022ء کے مطابق

## عملی کتاب



**Progressive Education Network**
172 A, Ahmed Block, New Garden Town, Lahore.
Phone: 042-354288554 Web: www.pen.org.pk

دن ____________ تاریخ ____________


| نمبر شمار | باب کا عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | میرا تعارف | 2 |
| 2 | میرا جسم | 6 |
| 3 | صحت وصفائی | 10 |
| 4 | میرا خاندان اور میرے دوست | 14 |
| 5 | کھیل اور قوانین | 19 |
| 6 | ہمارا علاقہ | 22 |
| 7 | عبادت گاہیں | 25 |
| 8 | ہمارا پیارا وطن پاکستان | 27 |
| 9 | میرا اسکول | 31 |
| 10 | ذرائع آمدورفت | 34 |
| 11 | ٹریفک قوانین | 38 |
| 12 | اچھے اخلاق اور عادات | 42 |
| 13 | پودے اور جانور | 45 |
| 14 | زمین اور آسمان | 52 |


Progressive Education Network

دن ____________ تاریخ ____________

# میرا تعارف

اس باب کے اختتام پر بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

اپنا مختصر تعارف کروا سکیں گے۔

اپنی اور دوسروں کی اچھی خصوصیات کی نشان دہی کر سکیں گے۔

دوسروں کی اچھی عادات کے متعلق جان سکیں گے۔

پسند کی بنیاد پر یہ جان سکیں گے کہ آپ کس طرح ایک جیسے اور کس طرح ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔



میرا نام علی ہے۔

میری عمر پانچ سال ہے۔

میں پہلی جماعت میں پڑھتا ہوں۔

مجھے دودھ پینا پسند ہے۔

مجھے سیب اور آم بہت اچھے لگتے ہیں۔

مجھے فُٹ بال کھیلنا پسند ہے۔

میں بڑا ہو کر ڈاکٹر بنوں گا۔



میرا نام سارہ ہے۔

میں چھے سال کی ہوں۔

میں پہلی جماعت میں پڑھتی ہوں۔

مجھے پھلوں کا رَس پسند ہے۔

مجھے بادام بہت اچھے لگتے ہیں۔

میں بڑی ہو کر پائلٹ بنوں گی۔

Progressive Education Network

کیا آپ اپنے بارے میں اپنے دوستوں کو بتا سکتے ہیں؟ درج ذیل جوابات میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں۔

| | |
|---|---|
| ہاں | نہیں |

دن________ تاریخ________

آپ کو اپنے دوستوں کو اپنا تعارف دینا کیسا لگتا ہے؟ درج ذیل جوابات میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں۔

| | |
|---|---|
| پسند ہے | ناپسند ہے |

**سوال نمبر1:** نیچے دیئے گئے کالم میں اپنا نام لکھیں اور اپنے بارے میں بتائیں اور اس کے سامنے اپنی تصویر چسپاں کریں۔

**1۔** میرا نام________ہے۔

**2۔** میری عمر________سال ہے۔

**3۔** میں________جماعت میں ہوں۔

**4۔** میرے والد کا نام________ہے۔

**5۔** میری والدہ کا نام________ہے۔

**6۔** میرا پسندیدہ رنگ________ہے۔

**7۔** میرا پسندیدہ پھل________ہے۔

**8۔** میرا پسندیدہ شہر________ہے۔

**9۔** میرا پسندیدہ لباس________ہے۔

**10۔** میں بڑا ہو کر________بنوں گا / گی۔

**سوال نمبر2:** مندرجہ ذیل حروف میں سے اپنے نام کے پہلے شروع ہونے والے حرف کے گرد دائرہ لگائیں۔

ا ب پ ت ٹ ث ج چ ح

خ د ڈ ذ ر ڑ ز ژ س ش ص

ض ط ظ ع غ ف ق ک

گ ل م ن و ہ ھ ی ے

تاریخ ________________ دن ________________



# میرا تعارف

## میری اچھی عادات

صبح اور شام دانت صاف کرنا



گھر کے کاموں میں ہاتھ بٹانا



## میرے دوستوں کی اچھی عادات


کچرا کُوڑے دان میں ڈالنا



دوستوں کا خیال رکھنا



**سوال نمبر3:** مندرجہ ذیل تصاویر کو غور سے دیکھیں اور اچھی عادات کے سامنے ✔ کا نشان لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
|  | صبح وقت پہ اٹھنا | |
|  | روزانہ دانت صاف کرنا | |
|  | دوسروں پر چلّانا | |
|  | اپنے دوستوں کی مدد کرنا | |
|  | گھر کے کاموں میں ہاتھ بٹانا | |

دن ________ تاریخ ________

**سوال نمبر4:** درست جواب پر دائرہ لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1. ہمیں دوسروں کی ________ کرنی چاہیے۔ | مرضی | مدد |
| 2. بات کرتے وقت اپنی باری کا ________ کرنا چاہیے۔ | انتظار | شکریہ |
| 3. ہمیں صبح ________ اٹھنا چاہیے۔ | دیر | جلدی |
| 4. کچرا ________ میں ڈالنا چاہیے۔ | باہر | کوڑے دان |
| 5. ہمیں صبح شام ________ صاف کرنے چاہیئں۔ | دروازے | دانت |

# تخلیقی سرگرمی

ایک دوسرے کی پسند کے بارے میں جانیں اور نیچے کالم میں دی گئی چیزوں کے متعلق لکھیں۔

دوست کا نام: ________ اپنا نام: ________

| خصوصیات | میرا پسندیدہ | دوست کا پسندیدہ |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |


Progressive Education Network

دن____________ تاریخ____________

# میرا جسم

اس باب کے اختتام پر بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- انسانی جسم کے اہم اعضاء کے نام بتا سکیں (آنکھیں، ناک، کان، منہ، ہاتھ، بازو، پاؤں اور ٹانگیں)
- جسم کے مختلف اعضاء کے کاموں کے متعلق جان سکیں۔
- پانچ حسّوں کے نام بتا سکیں۔
- ان اعضاء کی نشان دہی کر سکیں جو چکھنے، چھونے، سونگھنے، سننے اور دیکھنے میں مدد کرتے ہیں۔
- پانچوں حسّوں کے متعلق بیان کرنے کے طریقے جان سکیں (چکھنا: میٹھا، کھٹا، کڑوا، نمکین چھونا: ملائم، سخت، نرم، کھردرا، ٹھنڈا، گرم سننا: اُونچا، دھیما، کم، زیادہ دیکھنا: روشن، مدھم اور رنگوں کی پہچان سونگھنا: خوشبو، بدبو)




ہمارے جسم کے اعضاء میں ناک، کان، ہاتھ، پاؤں، منہ، ٹانگیں، آنکھ اور بازو شامل ہیں۔


- ہمارے ہاتھ اور بازو ہمیں بہت سے کام کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

دن ____________ تاریخ ____________

- اسی طرح ہماری ٹانگیں ہمیں چلنے میں مدد دیتی ہیں۔
- ہم اپنی آنکھوں کی مدد سے دیکھ سکتے ہیں۔
- ہم اپنی ناک کی مدد سے سونگھ سکتے ہیں۔

## ہماری حسّیں

ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔




ہم اپنی ناک سے سونگھتے ہیں۔



ہم اپنے ہاتھوں سے چھوتے ہیں۔



ہم اپنی زبان سے ذائقہ چکھتے ہیں۔




ہم اپنے کانوں سے سنتے ہیں۔




- پھولوں کی خوشبو ہمیں سونگھنے میں خوشگوار لگتی ہے۔
- شور کی آواز ہمارے کانوں کیلئے ناگوار ہے۔
- دودھ ایک مفید غذا ہے۔ جسکا ذائقہ میٹھا ہوتا ہے۔
- رات کے وقت آسمان پر چاند اور ستارے روشن نظر آتے ہیں۔
- میز کی سطح چھونے پر سخت محسوس ہوتی ہے۔



Progressive Education Network

**سوال نمبر 1:** چلنے میں مدد دینے والے اعضاء میں رنگ بھریں۔





**سوال نمبر2:** کالم ملائیں۔

| | |
|---|---|
|  | سننا |
|  | دیکھنا |
|  | چکھنا |
|  | چھونا |
|  | سونگھنا |

**سوال نمبر3:** درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

1. میز کی سطح ہے۔

(الف) نرم (ب) کھردری (ج) سخت

2. شور کی آواز ہے۔

(الف) خوشگوار (ب) ناگوار (ج) دلچسپ

Progressive Education Network

3. دودھ کا ذائقہ لگتا ہے۔

(الف) نمکین (ب) کڑوا (ج) میٹھا

4. رات کے وقت آسمان پر چاند نظر آتا ہے۔

(الف) روشن (ب) مدھم (ج) نیلا

5. پھولوں کی خوشبو لگتی ہے۔

(الف) خوشگوار (ب) ناگوار (ج) ناپسندیدہ

**سوال نمبر 4:** جسم کے اعضاء کے نام لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ناک | کان | بازو | منہ |
| پاؤں | ہاتھ | آنکھ | ٹانگیں |



## تخلیقی سرگرمی

Progressive Education Network

گھر کے مختلف حصوں میں جائیں اور نوٹ کریں کہ آپ نے کونسی چیزیں دیکھیں اور محسوس کی کوئی سی دو چیزوں کی تصاویر بنائیں۔

| | |
|---|---|
| | |

دن ________________ تاریخ ________________

# صحت وصفائی

اس باب کے اختتام پر بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- خود کو صاف ستھرا رکھنے کے طریقوں سے آگاہ ہو سکیں(کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونا بیت الخلا استعمال کرنے کے بعد صابن سے ہاتھ دھونا، ناخن کاٹنا، دانتوں کی روزانہ صفائی، باقاعدگی سے نہانا وغیرہ)
- اپنی صحت برقرار رکھنے کے لیے اپنے جسم، لباس اور ماحول کی صفائی کی اہمیت جان سکیں۔
- جان سکیں کہ جراثیم بیماریاں پھیلاتے ہیں اور ان سے بچاؤ کے طریقوں کے متعلق بتا سکیں۔
- غیر صحت مندانہ عادات کے متعلق جان سکیں جو بیماریوں (زکام اور پیٹ کی بیماریاں وغیرہ) کا سبب بنتی ہیں۔

## صحت مند جسم، صحت مند دماغ



ہمیں خود کو صحت مند رکھنے کے لیے کیا کرنا چاہیئے؟

- کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونا جراثیم سے محفوظ رکھتا ہے۔
- ہاتھوں اور پاؤں کے ناخن باقاعدگی سے تراشنے چاہیئے۔
- صاف ستھرے کپڑے پہننے چاہیئے۔
- دن میں دو مرتبہ دانت برش کرنے چاہیئے۔
- ہمیں صحت مند غذائیں استعمال کرنی چاہیئے۔

ہاتھ دھوتے ہوئے ہمیں ان باتوں کا خیال رکھنا چاہیئے۔




پانی اور صابن







انگلیوں کے درمیان




انگوٹھوں پر دھیان




ہاتھوں کی پُشت پر




کلائیوں پر دھیان

## بیماریوں کے اسباب اور بچاؤ

بیماریاں جراثیم کے ذریعے پھیلتی ہیں۔ جراثیم اتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ ہمیں نظر نہیں آتے۔ یہ گندے ہاتھوں، لباس، خوراک اور دوسری چیزوں پر موجود ہوتے ہیں۔ یہ ہمارے جسم میں داخل ہو کر ہمیں نزلہ، زُکام اور ایسی ہی دیگر بیماریوں میں مبتلا کر سکتے ہیں، تو پھر ہمیں ان سے بچنے کے لیے کیا کرنا چاہیئے؟




جسم اور لباس کی صفائی



جلدی سونا اور جلدی اُٹھنا




ورزش




اچھی غذا

دن_______________ تاریخ_______________

**سوال نمبر1:** اچھی عادات پر ✓ اور بُری عادات پر × کا نشان لگائیں۔





**سوال نمبر2:** کرونا اور اُس جیسے دوسرے جراثیم سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر بتائیں۔

_______________________________________________

Progressive Education Network

_______________________________________________

_______________________________________________

**سوال نمبر3:** اپنی کوئی ایک اچھی عادت لکھیں۔

_______________________________________________

**سوال نمبر4:** خالی جگہ پُر کریں۔

(1) پینے کے لئے__________پانی استعمال کریں۔ (گندا، صاف)

(2) ہاتھ دھونا__________سے محفوظ رکھتا ہے۔ (صحت، بیماری)

(3) ہمیں صاف ستھرے__________پہننے چاہیئے۔ (کھانے، کپڑے)

(4) ہمیں صبح ________ اُٹھنا چاہیئے۔ (دیر سے، جلدی)

(5) پھل اور سبزیاں ________ استعمال کرنی چاہیئے۔ (تازہ، باسی)

**سوال نمبر 5:** ہاتھوں کو دھونے کیلیئے ہم کونسے طریقے اختیار کرتے ہیں؟
















## تخلیقی سرگرمی

ہم خود کو کیسے صحت مند رکھ سکتے ہیں۔ نیچے دی گئی تصاویر پر ✓ کا نشان لگا کر واضح کریں۔





# میرا خاندان اور میرے دوست

اس باب کے اختتام پر بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اپنے خاندان کے افراد کو پہچان سکیں (والدین، بہن بھائی، دادا دادی، نانا نانی، چچا اور چچی، ماموں اور ممانی، کزن وغیرہ)) یہ سمجھ سکیں کہ ہمیں اپنے رشتے داروں اور دوستوں کا احترام کرنا چاہیئے۔
- اپنے چند دوستوں کی خاص عادات کی نشان دہی کر سکیں۔
- ان کاموں کے متعلق بات چیت کر سکیں جو آپ کے والدین اپنے بچپن میں آج سے مختلف انداز میں کرتے تھے۔

## ہمارا خاندان



ہمارے گھر میں ابّو اور امّی کے علاوہ دادا اور دادی بھی ہمارے ساتھ رہتے ہیں۔ ہم ان سب کا بہت ادب کرتے ہیں۔ ہم اکثر اپنے نانا اور نانی کے گھر بھی جاتے ہیں۔ وہاں ہماری خالہ، ماموں، ممانی اور ان کے بچّے رہتے ہیں۔ ہم وہاں خوب مزے کرتے ہیں۔ میرے چچا، چچی اور ان کے بچّے بھی ہمارے گھر آتے ہیں۔ ہم تمام گھر والے مِل کر پِکنِک پر بھی جاتے ہیں۔ ہم اپنے تمام رشتہ داروں کا احترام کرتے ہیں اور ان کا کہا مانتے ہیں۔

اپنی اور اپنے گھر کے افراد کی تصاویر جمع کریں اور چارٹ پیپر پہ فیملی ٹری کی صورت میں ان کے ناموں کے ساتھ چسپاں کریں۔



Progressive Education Network

## میرے دوست



میرے محلے اور سکول میں بہت سے دوست ہیں۔ ہم ایک دوسرے کی عزّت کرتے ہیں اور ضرورت کے وقت ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ میرے دوست اچھی اچھی باتیں کرتے ہیں۔ وقت پر پڑھتے اور وقت پر کھیلتے ہیں۔ وہ کسی کی چیز بغیر پوچھے نہیں لیتے۔

تاریخ______________ دن______________

# میرے ابّو امّی کا بچپن

ہمارے والدین کا دور آج سے کافی مختلف تھا۔ ان دنوں اتنی زیادہ گاڑیاں نہیں ہوتی تھیں۔ زیادہ تر بچّے پیدل یا سائیکل پر سکول جاتے تھے۔ موبائل فون اور انٹرنیٹ نہ تھے۔ معلومات کا اہم ذریعہ کتابیں ہوا کرتی تھیں۔ مشینیں زیادہ نہ تھیں، اس لیے زیادہ تر کام ہاتھ سے ہی کیا جاتا تھا۔

**سوال نمبر1:** خالی جگہ پر کریں۔

1. میرا نام______________ہے۔
2. میرے بھائی کا نام______________ہے۔
3. میں اپنے بہن بھائیوں میں______________نمبر پر ہوں۔
4. میرے دادا کا نام______________ہے۔
5. میرے دادی کا نام______________ہے۔
6. میرے چچا کا نام______________ہے۔
7. میرے نانا کا نام______________ہے۔
8. میرے ماموں کا نام______________ہے۔
9. میری نانی کا نام______________ہے۔

**سوال نمبر2:** مندرجہ ذیل جملوں کو غور سے پڑھیں اور ان میں سے جو اچھی عادات آپ کے دوستوں میں پائی جاتی ہیں ان کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | |
|---|---|
| ایک دوسرے کی عزّت کرنا | ضرورت کے وقت ایک دوسرے کی مدد کرنا |
| اچھی اچھی باتیں کرنا | وقت پر نہ پڑھنا |
| وقت پر کھیلنا | بغیر پوچھے کسی کی چیز نہ لینا |
| صاف ستھرا نہ رہنا | اپنے ملک پاکستان سے پیار کرنا |

دن ______________ تاریخ ______________

**سوال نمبر3:** اپنے والدین سے ان کے بچپن کے بارے میں معلومات لیں اور ان کے دور میں جو چیزیں موجود تھیں ان کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں اور جو نہیں تھیں ان کے سامنے ✗ کا نشان لگائیں۔

| | |
|---|---|
| 1. زیادہ گاڑیاں | |
| 2. سائیکل | |
| 3. موٹر سائیکل | |
| 4. ٹیلی وژن | |
| 5. ٹیلی فون | |
| 6. موبائل فون | |
| 7. انٹرنیٹ | |
| 8. کتابیں | |
| 9. زیادہ مشینیں | |
| 10. ہاتھ کا کام | |

**سوال نمبر4:** اپنے دوست سے اس کا نام اور اس کی پسندیدہ چیزوں کے بارے میں جانیں اور نیچے دیئے گئے کالم میں اپنے دوست کا نام لکھیں اور اس کی پسندیدہ چیزوں کے بارے میں بتائیں۔

1۔ میرے دوست کا نام ______________ ہے۔

2۔ اس کی عمر ______________ سال ہے۔

3۔ میرا دوست ______________ جماعت میں پڑھتا ہے۔

4۔ اس کا پسندیدہ رنگ ______________ ہے۔

5۔ اس کا پسندیدہ پھل ______________ ہے۔

6۔ اس کی خواہش ہے کہ وہ بڑا ہو کر ______________ بنے۔

Progressive Education Network

تاریخ ____________ دن ____________

# تخلیقی سرگرمی

اُن اشیاء کے نام لکھیں جو ہمارے والدین کے بچپن میں موجود نہ تھیں۔

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

Progressive Education Network

# کھیل اور قوانین

اس باب کے اختتام پر بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اپنے پسندیدہ کھیلوں کے نام بتا سکیں۔
- کھیلوں اور گروہی سرگرمیوں کے ذریعے مل جُل کر کام کرنے کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- قوانین کی تعریف کر سکیں اور ان پر عمل کرنے کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- کھیلتے وقت کھیل کے قوانین کو جان سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔
- اچھی صحت کے لیے کھیلوں اور ورزش کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔

## پیارے بچو!

ہم ہر روز شام کو کھیل کے میدان میں جاتے ہیں۔ وہاں بچّے بہت سے کھیل کھیلتے ہیں۔ کوئی کرکٹ کھیلتا ہے تو کوئی والی بال۔ کسی کو ہاکی پسند ہے تو کوئی بیڈ منٹن کھیلتا ہے۔ کھیل ہماری صحت کے لیے بہت ضروری ہیں۔ یہ ہمیں مل جل کر کام کرنے کا سبق دیتے ہیں۔ یاد رہے کہ کھیل کے قوانین پر عمل کرنا ضروری ہے۔





Progressive Education Network

## کھیل کے قوانین:

ہر کھیل کے کچھ قوانین ہوتے ہیں جن پر عمل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ کسی بھی کھیل کے دوران ایمان داری سب سے اہم ہوتی ہے۔ قوانین پر عمل کرتے ہوئے جیتنے سے خوشی ملتی ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ کامیابی محنت ہی سے حاصل ہوتی ہے۔





کھیل کے دوران مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا لازمی ہے۔

| | |
|---|---|
| اپنی باری کا انتظار کرنا | کھیل کے دوران ایک دوسرے کی مدد کرنا |
| ریفری کی بات ماننا | ہار کو کُھلے دل سے تسلیم کرنا |

**سوال نمبر 1:** اپنے پسندیدہ کھیل کے گرد دائرہ لگائیں۔



**فٹ بال**




**کرکٹ**



**باسکٹ بال**



**بیڈ منٹن**



**ٹیبل ٹینس**

Progressive Network

دن ____________ تاریخ ____________

**سوال نمبر2:** مندرجہ ذیل الفاظ میں سے درست لفظ لگا کر خالی جگہ پر کریں۔

قوانین کامیابی ایمان داری صحت جیتنے

1. کھیل ہماری ____________ کے لیے بہت ضروری ہیں۔

2. کھیل کے ____________ پر عمل کرنا ضروری ہے۔

3. کسی بھی کھیل کے دوران ____________ سب سے اہم ہوتی ہے۔

4. قوانین پر عمل کرتے ہوئے ____________ سے خوشی ملتی ہے۔

5. ____________ محنت ہی سے حاصل ہوتی ہے۔

**سوال نمبر3:** اپنے پسندیدہ کھیل کے کوئی سے دو قوانین بتائیں۔

پسندیدہ کھیل: ____________

**قوانین:**

| | |
|---|---|
| 1. ____________ ____________ | 2. ____________ ____________ |

## تخلیقی سرگرمی

کھیل کے میدان میں آپ لوگوں کو جو مختلف کھیل کھیلتے دیکھتے ہیں اُن کے نام لکھیں۔

____________

____________

Progressive Education Network

# ہمارا علاقہ

اس باب کے اختتام پر آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

یہ جان لیں کہ کئی خاندان مل کر جس جگہ رہتے ہیں اسے محلّہ کہتے ہیں۔

اپنے محلے کے متعلق بتا سکیں (لوگ، دکانیں، گلیاں، کھیت، کھیل کے میدان، پارک وغیرہ)

ایک محلے کے تصویری نقشے پر اہم مقامات کی نشان دہی کر سکیں۔

مختلف اقسام کے گھروں (بنگلہ، فلیٹ، جھونپڑی وغیرہ) کی نشان دہی کر سکیں۔

اپنے گھر کے متعلق بتا سکیں۔

ان چیزوں کی نشان دہی کر سکیں جو کسی علاقے کی صفائی یا گندگی کی وجہ ہو سکتی ہیں۔

اپنے گھروں اور محلے کو صاف ستھرا رکھنے کے طریقوں کو جان سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔



یہ میرا گھر ہے، یہاں میں اپنے گھر والوں کے ساتھ رہتا ہوں۔

## ہمارا محلّہ

Progressive Education Network

گھر کئی طرح کے ہوتے ہیں۔



کچّا گھر



پختہ گھر

دن ــــــــــــــــــــــــــــــــــ تاریخ ــــــــــــــــــــــــــــــــــ



جھونپڑی



فلیٹ

ہمارے گھر کے قریب رہنے والے لوگ ہمارے پڑوسی کہلاتے ہیں۔ ہمارے پڑوسی بہت اچھے ہیں۔ وہ خوشی اور غم میں ایک دوسرے کا ساتھ دیتے ہیں۔ ہمارے گھر کے قریب ہی مارکیٹ ہے، جس میں بہت سی دکانیں ہیں۔ قریب ہی کھیل کا میدان ہے جہاں ہم شام کے وقت کھیلنے جاتے ہیں۔ جہاں کئی خاندان مل کر رہتے ہوں اسے محلّہ کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 1:** یہ علی کا محلّہ ہے۔ تصویر میں موجود کوئی سی دو عمارتوں کے نام بتائیں۔

---



**سوال نمبر2:** گھر کی تصاویر کو درست نام سے ملائیں۔

**جھونپڑی**



**پختہ گھر**



**کچا گھر**



**فلیٹ**



**سوال نمبر3:** صحیح کام کے سامنے (✓) کا نشان لگائیں۔

گھر کا کوڑا کوڑے دان میں ڈالنا ☐

گلی کی دیواروں پر لکھنا ☐

اپنے گھر اور محلّے کو صاف رکھنا ☐

گندا پانی باہر گلی میں جمع ہونا ☐

دوسروں کی مدد کرنا ☐

## تخلیقی سرگرمی

اپنے پڑوس میں موجود اہم چیزوں کے بارے میں بتائیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

# عبادت گاہیں

اس باب کے اختتام پر بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اپنے محلّے یا علاقے میں موجود مسجد کے متعلق جان سکیں کہ وہ مسلمانوں کی عبادت گاہ ہے۔
- دوسرے مذاہب کی عبادت گاہوں کے متعلق جان سکیں (چرچ، مندر، گوردوارہ وغیرہ)
- یہ جان سکیں کہ ہمیں تمام مذاہب اور ان کی عبادت گاہوں کا لحاظ کرنا چاہیئے۔



مسجد ایک پاک جگہ ہے۔ مسلمان نماز پڑھنے کیلئے مسجد میں جاتے ہیں۔ ہم سب کو مسجد کا احترام کرنا چاہیئے۔ دوسرے مذاہب کے لوگ بھی عبادت کیلئے اپنی عبادت گاہوں میں جاتے ہیں۔ ہمیں تمام مذاہب کی عبادت گاہوں کا لحاظ کرنا چاہیئے۔



مسیحی عبادت کیلئے گرجاگھر (چرچ) جاتے ہیں۔

Progressive Education Network



ہندو اپنی عبادت گاہ کو مندر کہتے ہیں۔



سکّھوں کی عبادت گاہ کو گوردوارہ کہا جاتا ہے۔

پُرامن معاشرے کیلئے ایک دوسرے کا احترام بہت ضروری ہے۔

**سوال نمبر 1:** درست الفاظ سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| مسلمان | گوردوارہ |
| سکھ | مندر |
| ہندو | چرچ |
| عیسائی | مسجد |

**سوال نمبر 2:** مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔

عبادت　　مندر　　مسجد　　پاک　　احترام

1. مسلمان نماز پڑھنے ——————میں جاتے ہیں۔
2. مسجد ایک ————جگہ ہے۔
3. دوسرے مذاہب کے لوگ بھی ——————کے لیے اپنی عبادت گاہوں میں جاتے ہیں۔
4. ہمیں تمام عبادت گاہوں کا ————کرنا چاہیے۔
5. ہندو اپنی عبادت گاہ کو ————کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 3:** کیا آپ کسی دوسرے مذہب سے تعلق رکھنے والے فرد کو جانتے ہیں؟ ان کا احترام کیوں ضروری ہے؟

Progressive Education Network

## تخلیقی سرگرمی

کیا آپ کبھی کسی دوسرے مذہب کی عبادت گاہ میں گئے ہیں؟ وہاں جا کے آپ نے کیا مشاہدہ کیا؟

# میرا پیارا وطن پاکستان

اس باب کے اختتام پر بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- ہمارے ملک کا پورا نام اور اس کے قیام کی تاریخ بتا سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ ہر ملک کا اپنا ایک جھنڈا ہوتا ہے۔
- پاکستان کا جھنڈا بنا سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ پاکستان کے پرچم کے رنگ، چاند اور ستارا کیا ظاہر کرتے ہیں۔



کیا آپ جانتے ہیں؟ ہمارے ملک کا پورا نام کیا ہے؟

"اسلامی جمہوریہ پاکستان"

ہم جشنِ آزادی کس لیے مناتے ہیں؟

14 اگست 1947 کو پاکستان بنا، اس لیے ہم ہر سال 14 اگست کو جشنِ آزادی مناتے ہیں۔





ہر ملک کا اپنا پرچم ہوتا ہے، جو اس ملک کے وقار کی علامت ہوتا ہے۔ آیئے! مختلف ممالک کے پرچموں پر ایک نظر ڈالیں:


سعودی عرب


ایران


ترکی


چین


نیپال


ملائیشیا

ہر ملک کے پرچم میں مختلف رنگ اور نشانات کا خاص مطلب ہوتا ہے۔ آیئے پاکستان کے پرچم پر نظر ڈالتے ہیں اور جانتے ہیں کہ اس کے رنگوں، چاند اور ستارا کا کیا مطلب ہوتا ہے۔



پرچم کا سبز رنگ مسلمانوں کی آبادی کو ظاہر کرتا ہے۔ پرچم کا سفید رنگ دوسرے مذاہب سے تعلق رکھنے والوں کو ظاہر کرتا ہے۔
پرچم میں سفید رنگ کا چاند ترقی اور پانچ کونوں والا ستارا روشنی اور علم کو ظاہر کرتا ہے۔

پاکستان میں مسلمانوں کی آبادی قریباً 97 فی صد ہے۔ پاکستان میں تمام مذاہب کے لوگ امن اور خوش حالی سے رہتے ہیں اور پاکستان کی ترقی کے لیے کام کرتے ہیں۔

Progressive Education Network

## آزاد جموں و کشمیر



آزاد جموں و کشمیر، مختصراً اے جے کے اور بول چال میں اسے آزاد کشمیر کہا جاتا ہے۔ پاکستان کے زیرِ انتظام خطہ برائے نام طور پر خود مختار ادارے کے طور پر اور وسیع تر کشمیر کے مغربی حصے کی تشکیل کرتا ہے، جو کہ 1947 سے ہندوستان اور پاکستان کے درمیان تنازعہ کا شکار ہے۔


**سوال نمبر1:** درست جواب کے سامنے اور غلط کے سامنے × کا نشان لگائیں۔

1. ہمارے ملک کا پورا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔
2. ہم ہر سال 12 اگست کو جشن آزادی مناتے ہیں۔
3. ہر ملک کا اپنا پرچم ہوتا ہے۔
4. پرچم کا سبز رنگ مسلمانوں کی آبادی کو ظاہر کرتا ہے۔
5. پرچم میں سفید رنگ کا چاند ترقی کو ظاہر کرتا ہے۔

**سوال نمبر2:** پرچم کے رنگ اور اس کی علامات کو اس کے مطلب سے ملائیں۔


| پرچم میں رنگ اور علامت | مطلب |
|---|---|
| سبز رنگ | دیگر مذاہب کے پاکستانی |
| سفید رنگ | ترقی |
| چاند  | روشنی اور علم |
| ستارا  | مسلمان آبادی |

**سوال نمبر3:** آزاد جموں و کشمیر کے پرچم میں رنگ بھریں۔



Progressive Education Network

**سوال نمبر4:** پرچم میں موجود سفید رنگ کا چاند اور پانچ کونوں والا ستارا کیا ظاہر کرتا ہے؟



**سوال نمبر5:** ذیل میں دیے گئے پرچموں پر نظر ڈالیں اور درست نام سے ملائیں۔



**ایران**

**پاکستان**

**سعودی عرب**

**چین**

**نیپال**

**سوال نمبر6:** ہمارے ملک کا پورا نام کیا ہے؟

________________________________________

**سوال نمبر7:** ہم کس تاریخ کو جشنِ آزادی مناتے ہیں؟

Progressive Education Network

________________________________________

**سوال نمبر8:** پاکستان کے پرچم میں سفید رنگ کی کیا اہمیت ہے؟

________________________________________

________________________________________

## تخلیقی سرگرمی

پاکستان کے اہم شہروں کے نام لکھیں۔

________________________________________

تاریخ ______________ دن ______________

# میرا اسکول

اس باب کے اختتام پر بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:


- اپنے سکول میں ملنے والے لوگوں (اساتذہ، طلبہ، ہیڈماسٹر / ہیڈ مسٹریس اور دیگر عملہ) کو پہچان سکیں۔

سکول میں کی جانے والی مختلف سرگرمیوں کے متعلق بیان کر سکیں۔

- یہ سمجھ سکیں کہ قوانین کا احترام کرنا کیوں اہم ہے۔
- سکول اور کمرہ جماعت کے قوانین کے متعلق بتا سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔
- تنوّع (Diversity) کو سمجھ سکیں کہ سکول میں مختلف مذاہب یا سماجی پس منظر سے تعلق رکھنے والے دوست ہو سکتے ہیں۔
- یہ سمجھ لیں کہ لوگوں کے مذہبی، سماجی یا ثقافتی پس منظر سے قطع نظر سکول میں ہر شخص کا احترام کرنا چاہیئے۔
- سکول کو صاف رکھنے کی اہمیت جان سکیں۔

میرا نام سیما ہے۔ یہ میرا اسکول ہے۔



مجھے میرا اسکول بہت پسند ہے۔ تمام اساتذہ بہت پیار سے پڑھاتے ہیں۔ میرے بہت سے دوست بھی ہیں۔ ہم مل کر پڑھتے ہیں۔ وقفے کے دوران ہم مل کر کھیلتے ہیں اور گھنٹی کی آواز سنتے ہی اپنے کمرہ جماعت میں واپس چلے جاتے ہیں اساتذہ کے علاوہ بھی کچھ لوگ سکول میں کام کرتے ہیں۔ مالی پودوں کو پانی دیتے ہیں خاکروب سکول کی صفائی کرتے ہیں جب کہ سکول کے دفتر میں لوگ مختلف کام کرتے ہیں۔ ہماری ہیڈ مسٹریس سکول کے تمام کاموں کی نگرانی کرتی ہیں۔ وہ ہماری کلاس میں بھی آتی ہیں اور ہمیں سکول کے قوانین کے بارے میں بتاتی ہیں۔

دن ________________ تاریخ ________________

سکول کے قوانین درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| صاف ستھرا یونیفارم پہننا | اسمبلی میں قطار بنانا |
| کمرہ جماعت اور سکول کو صاف ستھرا رکھنا | کمرہ جماعت میں اجازت لے کر بات کرنا |
| وقت پر سکول آنا | بغیر اجازت کسی کی کوئی چیز نہ لینا |



## میرے دوست

سکول میں میرے بہت سے دوست ہیں جو مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ ان کا تعلق بھی پاکستان کے مختلف علاقوں سے ہے۔ ایک غیر ملکی بچہ بھی میرا دوست ہے۔ ہم سب ایک دوسرے کی عزّت کرتے ہیں اور مدد بھی کرتے ہیں۔

**سوال نمبر 1:** کمرہ جماعت میں استعمال ہونے والی اشیاء کے نام لکھیں۔


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پیمانہ | کھڑکی | پنسل | میز | ڈیسک | دروازہ |
| قینچی | کتاب | ربر | سکول بیگ | پنسل شارپنر | نوٹ بک |



















**سوال نمبر2:** ذیل میں دی گئی خالی جگہ پُر کریں۔

1. میرے سکول کا نام________________ ہے۔

2. میر اسکول میرے گھر سے________________ ہے۔

3. میرے کلاس ٹیچر کا نام________________ ہے۔

4. میں________ جماعت میں پڑھتا / پڑھتی ہوں۔

**سوال نمبر3:** اپنے سکول کے کوئی سے دو قوانین کے بارے میں بتائیں۔

________________________________________

________________________________________

**سوال نمبر4:** آپ اور آپ کے سکول کے دوست گھر میں کونسی زبان بولتے ہیں؟

________________________________________

## تخلیقی سرگرمی

آپ سکول اور کمرہ جماعت کو صاف رکھنے کے لیے دوسروں کی مدد کیسے کرتے ہیں؟

________________________________________

________________________________________

Progressive Education Network

# ذرائع آمدورفت

اس باب کے اختتام پر بچے اس قابل ہوجائیں گے کہ:

ان ذرائع آمدورفت کے متعلق جان سکیں جو لوگ استعمال کرتے ہیں۔

آہستہ اور تیز رفتار ذرائع آمدورفت میں فرق کر سکیں۔

ان مقامات کے متعلق جان لیں جہاں بسیں اور ریل گاڑیاں رکتی ہیں، جہاز پرواز کرتے اور اترتے ہیں اور بحری جہاز لنگر انداز ہوتے ہیں۔

بسوں کے اڈے، ہوائی اڈے، ریلوے سٹیشن اور بندرگاہ پر ہونے والی سرگرمیوں کو بیان کر سکیں۔

پیارے بچو! جب آپ کسی ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں تو کوئی سواری استعمال کرتے ہیں۔ کسی قریب کی جگہ جانے کے لیے پیدل چلنے کے علاوہ سائیکل، موٹر سائیکل، تانگہ اور رکشہ وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔ دُور کے مقامات یا دوسرے شہر جانے کے لیے بس، ویگن، کار، ریل گاڑی یا ہوائی جہاز کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ملک سے باہر جانے کے لیے عام طور پر ہوائی جہاز یا بحری جہاز کا استعمال کیا جاتا ہے۔



ریل گاڑی



ہوائی جہاز



بس




بحری جہاز



موٹر سائیکل



سائیکل

Progressive Education Network



کار



تانگہ

پیارے بچو! جس جگہ سے بسیں ایک شہر سے دوسرے شہر جاتی ہیں، اسے بس اڈہ کہتے ہیں۔ لوگ دوسرے علاقوں کو جانے کے لیے ریل گاڑی کے سٹیشن جاتے ہیں۔ اسی طرح ہوائی اڈہ بھی ہوتا ہے جہاں سے لوگ جہاز کے ذریعے دوسرے شہر یا ملک جاتے ہیں۔

سمندر کے ذریعے ایک ملک سے دوسرے ملک جانے کے لیے بندرگاہ استعمال کی جاتی ہے۔



بس اسٹینڈ



ائیر پورٹ




پلیٹ فارم



بندرگاہ

**سوال نمبر 1:** ذیل میں دی گئی تصاویر میں سے درست ذرائع آمدورفت کے سامنے ✓ اور غلط کے سامنے × کا نشان لگائیں۔






دن ________ تاریخ ________











**سوال نمبر2:** درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

1. جس جگہ سے بسیں ایک شہر سے دوسرے شہر جاتی ہیں اُسے ________ کہتے ہیں۔

ا- ہوائی اڈہ ب۔ بس اڈہ ج۔ بندرگاہ

2. سمندر کے ذریعے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کے لیے ________ استعمال کی جاتی ہے۔

ا۔ سٹیشن ب۔ ہوائی اڈہ ج۔ بندرگاہ

3. جہاں سے لوگ جہاز کے ذریعے دوسرے شہر یا ملک جاتے ہیں اُسے ________ کہتے ہیں۔

ا۔ بس اڈہ ب۔ بندرگاہ ج۔ ہوائی اڈہ

4. ریل گاڑی سے سفر کرنے کے لیے لوگ ________ پر جاتے ہیں۔

ا۔ بندرگاہ ب۔ ہوائی اڈہ ج۔ سٹیشن

Progressive Education Network

**سوال نمبر3:** درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

سب سے تیز رفتار سواری کونسی ہے؟








سب سے آہستہ چلنے والی سواری کونسی ہے؟








ہوائی جہاز کہاں سے پرواز کرتے ہیں؟







**سوال نمبر4:** سفر کرتے ہوئے ہمیں کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیئے؟

______________________________

______________________________

**سوال نمبر5:** کیا آپ کبھی اپنے علاقے سے باہر گئے ہیں؟ وہاں جانے کے لیے آپ نے کونسی سواری استعمال کی؟

______________________________

## تخلیقی سرگرمی

کیا آپ کبھی بس اڈے، ہوائی اڈے یا ریلوے سٹیشن گئے ہیں؟ وہاں کی سرگرمیوں کے متعلق بتائیں۔

______________________________

______________________________

Progressive Education Network

# ٹریفک قوانین

اس باب کے اختتام پر بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:


چند ٹریفک قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔

پیدل چلتے ہوئے، سڑک پار کرتے وقت اور بس وغیرہ میں سفر کرتے وقت حفاظتی قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔



## پیدل چلنا

اگر فٹ پاتھ موجود ہے تو اس پر چلیں۔ پیدل چلتے ہوئے سڑک کے دائیں جانب چلیں تاکہ آپ سامنے سے آنے والی ٹریفک کو دیکھ سکیں۔



## سڑک پار کرنا

سڑک پار کرتے وقت زیبرا کراسنگ کا استعمال کریں۔ اگر زیبرا کراسنگ موجود نہ ہو تو پہلے سیدھے ہاتھ اور پھر اُلٹے ہاتھ کی طرف دیکھیں کہ کوئی گاڑی تو نہیں آ رہی۔ اب ایک مرتبہ پھر سیدھے ہاتھ کی جانب دیکھ لیں۔ اگر سڑک خالی ہے، تو اسے پار کر لیں۔

Progressive Education Network



## سفر کرتے وقت

پیدل سفر کرتے ہوئے یا کسی بھی سواری پر جاتے وقت سڑک پر موجود ٹریفک کے نشانات پر نظر رکھیں۔ یہ ہمیں بتاتے ہیں کہ سُرخ بتّی پر رُکنا، پیلی بتّی پر چلنے کے لیے تیار ہونا اور سبز بتّی پر چلنا ہے۔

## ہیلمٹ اور حفاظتی بیلٹ





موٹر سائیکل پر سفر کرتے وقت ہیلمٹ کا استعمال ہماری حفاظت کے لیے بہت ضروری ہے۔

اسی طرح گاڑی چلانے والے اور اس میں سفر کرنے والے افراد کا حفاظتی بیلٹ کا استعمال کرنا بھی ہماری حفاظت کرتا ہے۔

## ٹریفک سگنل



سُرخ بتی: رُک جائیں

پیلی بتی: چلنے کیلئے تیار ہوں

سبز بتی: اب آپ جاسکتے ہیں




ٹریفک کے قوانین پر عمل کرنا ہمیں اور ہمارے
اِرد گرد کے لوگوں کو مشکلات سے بچاتا ہے۔

دن ____________________ تاریخ ____________________

**سوال نمبر 1:** کیا آپ ان اشاروں کا مطلب سمجھتے ہیں؟



اب آپ جا سکتے ہیں۔



یہاں گاڑی کھڑی کرنا منع ہے۔



پیدل سڑک پار کرنے کی جگہ




رُک جائیے



سکول کی جگہ

**سوال نمبر 2:** ٹریفک سگنل میں موجود سُرخ، پیلی اور سبز بتّی کا کیا مطلب ہے؟ دی گئی خالی جگہ میں تحریر کریں۔



ucation Network

دن__________________ تاریخ__________________

**سوال نمبر3:** اگر ہم ٹریفک کے قوانین پر عمل نہ کریں تو ہمیں کس قسم کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے؟

______________________________________________

______________________________________________

## تخلیقی سرگرمی

آپ پیدل چلتے ہوئے کن باتوں کا خیال رکھتے ہیں؟

______________________________________________

______________________________________________

Progressive Education Network

# اچھے اخلاق اور عادات

اس باب کے اختتام پر بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- دوسروں کو السلام علیکم اور صبح بخیر وغیرہ کہہ کر سلام کر سکیں۔
- اچھے اخلاق کو سمجھ سکیں اور ان کی فہرست بنا سکیں (وقت کی پابندی کرنا، نرمی سے بات کرنا، مہربانی، ایمان داری اور سچائی)۔
- اچھے اخلاق کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- کھانے کے آداب کا مظاہرہ کر سکیں (کھانا ضائع نہ کرنا، صاف ہاتھوں سے کھانا، کھانے کو نیچے نہ گرانا)۔
- غیر صحت مند خوراک کھانے کے نقصانات سمجھ سکیں۔
- بیت الخلا استعمال کرنے کے آداب سیکھ سکیں۔



میرا نام علی ہے۔ میں جب کسی سے ملوں تو کہتا ہوں: السلام علیکم! اس کا مطلب ہے کہ آپ پر سلامتی ہو۔



میرا نام انیتا ہے۔ میں جب کسی سے ملوں تو کہتی ہوں: صبح بخیر!
لوگوں سے اچھّے انداز سے ملنا ایک اچھی عادت ہے۔

Progressive Education Network

علی اور احمد دوست ہیں۔ علی کو احمد کی درج ذیل باتیں پسند ہیں۔

اچھے اخلاق

| | | |
|---|---|---|
| سچ بولنا | ایمان داری | نرمی سے بات کرنا |
| شکریہ ادا کرنا | وقت کی پابندی | قانون پر عمل کرنا |

## کھانے کے آداب

کیا آپ جانتے ہیں کہ ہمیں کھانا کھاتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیئے؟

کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونے چاہئیں۔

کھانے کو ضائع نہیں کرنا چاہیئے اور نہ ہی نیچے گرانا چاہیئے۔

منہ بند کر کے کھانا چاہیئے۔ جب منہ میں نوالہ ہو تو بات نہیں کرنی چاہیئے۔

اپنے سامنے سے کھانا لینا چاہیئے اور کسی چیز کی ضرورت ہو تو مانگ لینی چاہیئے۔

پھل، سبزیاں، دالیں، انڈے اور گوشت وغیرہ صحت بخش خوراک کا حصہ ہیں۔ یہ خوراک ہمارے جسم اور دماغ کو صحت مند رکھتی ہے۔



بیت الخلا استعمال کرنے سے پہلے اور بعد میں صابن سے ہاتھ دھونا ہمیں جراثیم سے محفوظ رکھتا ہے۔

غیر صحت مند خوراک کھانے سے ہم بیمار ہو سکتے ہیں۔

Progressive Education Network

**سوال نمبر 1:** ذیل میں دی گئی خالی جگہ میں اپنے دوست کا نام لکھیں نیز دی گئی تصویر پر ✓ کے نشانات لگا کر واضح کریں کہ آپ کو اس کی کون کون سی اچھی عادات پسند ہیں۔

میرے دوست کا نام ______________ ہے۔

| | |
|---|---|
| سلام میں پہل کرنا | کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ نہ دھونا |

| | | |
|---|---|---|
| جھوٹ بولنا | اچھی عادات | قانون پر عمل کرنا |

**سوال نمبر2:** کھانے کے کوئی سے دو آداب تحریر کریں۔

---

---

**سوال نمبر3:** غیر صحت مند خوراک کھانے سے کیا نقصان ہو سکتا ہے؟

---

---

## تخلیقی سرگرمی

مختلف مذاہب کے لوگ آپس میں کس انداز میں ملتے ہیں؟

---

---

Progressive Education Network

تاریخ ____________ دن ____________

# پودے اور جانور

اس باب کے ذریعے بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

اپنے رد گرد موجود جاندار اور بے جان چیزوں میں تمیز کر سکیں۔

اپنے ارد گرد موجود پودوں کی پہچان کر سکیں۔ مختلف پودوں میں فرق جان سکیں اور پودوں کی اہمیت سمجھ سکیں۔

اپنے ارد گرد موجود ان چیزوں کی پہچان کر سکیں جو پودوں سے بنتی ہیں۔

کچھ عام پالتو اور جنگلی جانوروں کی پہچان کر سکیں ا۔ جسمانی خدوخال کے اعتبار سے مختلف جانوروں میں فرق سمجھ سکیں۔ جانوروں کی خوراک کو پہچان سکیں اور خوراک، تفریح اور باربرداری کے طور پر جانوروں کی اہمیت سمجھ سکیں۔

جانوروں کے گھروں کی پہچان کر سکیں اور ان جانوروں میں تمیز کر سکیں جنھیں گھر میں پالا جا سکتا ہے یا نہیں پالا جا سکتا۔

گھریلو اور جنگلی جانوروں اور پودوں کی بہتر دیکھ بھال کے طریقوں کی نشان دہی کر سکیں۔

## جان دار چیزیں



تمام انسان، جانور اور پودے جان دار ہیں کیونکہ وہ سانس لیتے ہیں، حرکت کرتے ہیں، خوراک کھاتے اور پانی پیتے ہیں۔ وہ چھوٹے سے بڑے بھی ہوتے ہیں۔

## بے جان چیزیں



وہ چیزیں جو اپنی جگہ سے خود حرکت نہیں کر سکتیں، سانس نہیں لیتیں اور نہ انھیں کھانے پینے کی ضرورت ہوتی ہے بے جان کہلاتی ہیں۔

## پودے اور درخت





ہمارے زندگی کے لئے پودے اور درخت بہت ضروری ہیں۔

Progressive Education Network

- یہ ماحول کو صاف رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔
- پودے ہمیں سایہ اور غذا فراہم کرتے ہیں۔
- پودے بہت سے پرندوں کا گھر بھی ہیں۔
- پودے کئی اقسام کے ہوتے ہیں۔
- خوشبودار پودے، پھل دینے والے پودے
- درختوں کی لکڑی سے ہمارے استعمال کی بہت سی چیزیں بنتی ہیں۔
- اگر پودے اور درخت نہ ہوتے تو زندگی کا تصور ناممکن تھا۔

# جانور

ہماری اس خوبصورت دنیا میں انسانوں اور پودوں کے ساتھ ساتھ بہت سے جانور بھی پائے جاتے ہیں۔

کچھ جانور چھوٹے ہوتے ہیں۔



کچھ جانور بڑے ہوتے ہیں۔



کچھ جانوروں کی کھال سخت ہوتی ہے۔



کچھ جانوروں کی کھال نرم ہوتی ہے۔



کچھ پرندوں کے پنجے بڑے ہوتے ہیں۔




کچھ جانوروں کے دانت نوکیلے ہوتے ہیں۔



## پالتو جانور

کچھ جانور ایسے ہیں جنھیں ہم اپنے گھروں میں پال سکتے ہیں۔ ہم انھیں پالتو جانور کہتے ہیں۔



## جنگلی جانور

کچھ جانور ایسے ہیں جو جنگل میں رہتے ہیں اور عام طور پر گھروں میں نہیں پالے جاتے کیونکہ ان کی غذا اور رہن سہن پالتو جانوروں سے مختلف ہوتا ہے۔ وہ جنگلی جانور کہلاتے ہیں۔

# جانوروں کی خوراک

جانور مختلف قسم کی خوراک کھاتے ہیں۔

گھاس کھانے والے جانور






گوشت کھانے والے جانور




کچھ جانور گھاس اور گوشت دونوں کھاتے ہیں۔




Progressive Education Network

## جانور کہاں رہتے ہیں؟







جانور پہاڑوں، صحراؤں، جنگلوں اور سمندروں میں رہتے ہیں۔

## جانوروں کی اہمیت:





جانور ہماری زندگی کیلئے انتہائی اہم ہیں۔ان سے ہمیں خوراک حاصل ہوتی ہے اور یہ باربرداری اور تفریح کے کام بھی آتے ہیں

دن ____________ تاریخ ____________

**سوال نمبر 1:** جان دار اشیاء کے گرد دائرہ لگائیں۔


**سوال نمبر 2:** درج ذیل تصاویر میں بے جان چیزوں کے سامنے بے جان لکھیں۔










Progressive Education Network

**سوال نمبر 3:** درختوں سے بنی ہوئی اشیاء پر ✓ کا نشان لگائیں۔










**سوال نمبر4:** کالم ملائیں۔

شیر 

ہاتھی 

ریچھ 

سانپ 

مگرمچھ 

**سوال نمبر5:** ہم جنگلی جانوروں کو گھر میں کیوں نہیں پالتے؟

______________________________

______________________________

**سوال نمبر6:** پودوں کے کوئی سے دو فائدے بتائیں۔

______________________________

______________________________

**سوال نمبر7:** اپنے پسندیدہ جانور کا نام بتائیں۔

______________________________





Progressive Education Network


دن ____________ تاریخ ____________

**سوال نمبر 8:** جنگلی اور پالتو جانوروں میں فرق بتائیں۔

| جنگلی جانور | پالتو جانور |
| --- | --- |
| | |
| | |

**سوال نمبر 9:** گھاس کھانے والے جانوروں میں سبز اور گوشت کھانے والے جانوروں میں سُرخ رنگ بھریں۔



Progressive Education Network

## تخلیقی سرگرمی

اپنے پالتو جانور کی تصویر بنائیں اور بتائیں آپ اس کا خیال کیسے رکھتے ہیں۔

# زمین اور آسمان

اس باب کے اختتام پر بچے اس قابل ہو جائیں گے کہ:

زمین کو ایک سیارے کے طور پر جان سکیں۔

زمین کی ساخت کے متعلق جان سکیں۔

یہ پہچان سکیں کہ زمین پانی اور خشکی سے مل کر بنی ہے۔

دن اور رات کے وقت آسمان پر نظر آنے والے اجسام کو پہچان سکیں۔


یہ سمجھ سکیں کہ سورج دن کے وقت خوب روشن ہوتا ہے اور ہمیں روشنی اور حرارت فراہم کرتا ہے۔

یہ پہچان سکیں کہ چاند اور ستارے رات کے وقت آسمان پر چمکتے ہیں۔

## زمین:

زمین ہم سب کا گھر ہے۔ یہ ایک سیّارہ ہے جو سورج کے گرد چکّر لگاتا ہے۔

## زمین کی ساخت:





زمین کا دو تہائی حصّہ پانی سے بھرا ہوا ہے۔

زمین کا ایک تہائی حصّہ خشکی پر مشتمل ہے۔

ہم خشکی پر رہتے ہیں۔

تصویر میں موجود نیلا رنگ پانی اور سبز رنگ خشکی کو ظاہر کرتا ہے۔


## دن کے وقت آسمان:



دن کے وقت آسمان پر روشن سورج دکھائی دیتا ہے۔

سورج ہمیں روشنی اور حرارت فراہم کرتا ہے۔

## رات کے وقت آسمان:




شام کے وقت سورج غروب ہو جاتا ہے اور ہر طرف اندھیرا چھا جاتا ہے۔ رات کے وقت چاند اور ستارے دکھائی دیتے ہیں۔


## آسمان کی خوبصورتی:


سورج چاند اور ستارے سب اس دنیا کی خوب صورتی میں اضافہ کرتے ہیں۔

اگر یہ سب نہ ہوتے تو آسمان بے رونق دکھائی دیتا۔


**سوال نمبر 1:** خشکی پر پائے جانے والے جانوروں میں سبز اور پانی میں رہنے والے جانوروں میں نیلا رنگ بھریں۔














Progressive Education Network

دن ————————  تاریخ ————————

**سوال نمبر2:** خالی جگہ پر کریں۔

- زمین ایک ———— ہے۔
- زمین کا ———— حصہ پانی سے بھرا ہوا ہے۔
- سورج ہمیں روشنی اور ———— فراہم کرتا ہے۔
- رات کے وقت ———— اور ستارے دکھائی دیتے ہیں۔
- ———— کی طرف براہ راست نہیں دیکھنا چاہیئے۔

**سوال نمبر3:** کالم ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| زمین | روشنی |
| خشکی | سیارہ |
| سورج | پانی |
| چاند | ایک تہائی |
| مچھلی | رات |

**سوال نمبر4:** دن کے وقت آسمان پر کیا نظر آتا ہے؟

---

**سوال نمبر5:** زمین کا کتنے تہائی حصہ پانی پر مشتمل ہے؟

Progressive Education Network

---

**سوال نمبر6:** رات کو آسمان پر نظر آنے والے اجسام بنائیں۔

دن______________ تاریخ______________

## تخلیقی سرگرمی

زمین کی دی گئی تصویر میں خشکی والے حصے میں سبز جب کہ پانی والے حصہ میں نیلا رنگ بھریں۔



Progressive Education Network